فوری ریلیز کے لیے: 19/07/2022 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے وفاقی حکومت کی جانب سے B2 ایلوکیشن کے بعد منکی پاکس ویکسین کی تازہ ترین تقسیم کا اعلان کیا

نیو یارک کے تمام باشندوں کو منکی پاکس کے متعلق معلومات حاصل کرنی چاہیے تاکہ خود کو بچا سکیں اور پھیلاؤ کو روک سکیں

ملاحظہ کریں health.ny.gov/monkeypox

"MONKEYPOX" لکھ کر 81336 پر بھیجیں یا ہسپانوی میں اطلاعات کے لیے "MONKEYPOXESP" لکھیں

آج گورنر Kathy Hochul نے نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ کے ساتھ مل کر، نیو یارک میں JYNNEOS ویکسین کی تقسیم کا اعلان کیا، جو کہ نیو یارک اسٹیٹ کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے اضافی 8,822 خوراکوں کا نتیجہ ہے۔ نیو یارک سٹی 23,963 خوراکوں کی اپنی ذاتی ایلوکیشن وفاقی حکومت سے براہ راست وصول کرے گی۔

"نیو یارک میں منکی پاکس کے کافی زیادہ کیسز آنا جاری ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں ہماری ریاست کے لیے اضافی ویکسینیں محفوظ کروانے میں شراکت داری کے لیے صدر بائیڈن، ڈاکٹر Jha اور دیگر انتظامی افسران کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی۔ اگرچہ قومی سطح پر ترسیل محدود ہے، ہم اس وباء سے مقابلہ کرنے کی اپنی کاوشوں کو اس عجلت کے ساتھ کرنا جاری رکھیں گے جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ نیو یارک کو ویکسینوں اس کا منصفانہ حصہ ملے اور ہماری کمزور ترین کمیونٹیز کی حفاظت کی جا سکے۔"

ویکسین کی تقسیم کے اس مرحلے ("B2") میں، NYSDOH نے نیو یارک میں کیسز کی بڑی تعداد جمع ہو جانے کے باعث اپنی خوراکوں میں سے 2,000 نیو یارک کے لیے مختص کی ہیں۔ ریاست کے لیے مختص شدہ ویکسینوں میں سے بقایا، کاؤنٹیز میں وہاں موجود منکی پاکس کے کیسز، نیو یارک سے قریب ہونے اور ویکسین کے لیے اہل نیو یارک کے باشندوں تک پہنچنے کی صلاحیت کی بنیاد پر تقسیم کی جائیں گی۔ اس مرتبہ مختص شدہ تمام خوراکوں کے لیے تجویز کیا گیا ہے کہ ان کو دو ویکسینوں کے سلسلے کی پہلی خوراک کے طور پر لگایا جائے۔ اگرچہ ویکسین کی ترسیل محدود ہے، آئندہ ہفتوں اور مہینوں میں مزید ویکسین کی آمد یہ یقینی بنانے کے لیے متوقع ہے کہ نیو یارک کے باشندوں کو مکمل ویکسین یافتہ تسلیم کیے جانے کے لیے درکار دونوں خوراکیں مل سکیں۔

اسٹیٹ ہیلتھ کمشنر ڈاکٹر Mary T. Bassett نے کہا، "ہم اس بات کو یقینی بناتے ہوئے نیو یارک کو درکار ویکسین کی ترسیل کے لیے آواز بلند کرنے کے لیے اپنے وفاقی شراکت داروں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں کہ نیو یارک کے نگہداشت صحت فراہم کنندگان اور کاؤنٹی کے مقامی محکمہ جات صحت کے پاس ان کو درکار رہنمائی، وسائل اور تعمیری ڈھانچہ موجود ہو۔ نیو یارک کے باشندوں کو منکی پاکس کے متعلق آگاہ رہنا چاہیے، بشمول علامات کے - جیسے عام خراشیں - یہ وائرس کیسے پھیلتا ہے اور زد میں آنے کے بعد کیا کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو خراش ہو تو اس کے علاج کے متعلق ہماری ویب سائٹ سے جانیں اور کسی نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔"

NYSDOH ویکسین کی مساوی تقسیم کے لیے پر عزم ہے اور فیز 1 سے اب تک اس نے ایسا کیا ہے، اہلیت کا معیار سب سے زیادہ کیسز والے علاقوں کے وہ افراد رہیں گے جن کے زد میں آنے یا ممکنہ طور زد میں آ چکے ہونے کے متعلق علم ہو۔ منکی پاکس کی موجودہ وباء کے متعلق پوسٹ ایکسپوژر پروفیلیکسس (Post-Exposure Prophylaxis, PEP) کی تجویز دینے والی CDC کی رہنمائی کے مطابق، پہلے سے زد میں آ چکے یا ممکنہ طور پر زد میں آ چکے افراد کو کاؤنٹی کے لحاظ سے ریاستی ایلوکیشن میں ترجیح حاصل ہے۔

اہلیت میں نیو یارک کے یہ باشندے شامل ہیں:

- گزشتہ 14 دنوں میں حالیہ طور پر منکی پاکس کی زد میں آنے والے افراد۔
- وہ افراد جو حالیہ طور پر منکی پاکس کی زد میں آنے کے سب سے زیادہ خطرے کی زد میں ہیں، بشمول ہم جنس پرست، دو جنسی، ٹرانسجینڈر اور کسی صنف کے ساتھ منسوب نہ ہونے والے افراد کی کمیونٹی اور ان مردوں کی دیگر کمیونٹیز جو مردوں کے ساتھ جنسی تعلقات بناتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ گزشتہ 14 دنوں کے دوران ان علاقوں میں اختلاطی یا جسمانی رابطے میں آئے ہیں جہاں منکی پاکس پھیل رہا ہے۔
- وہ افراد جو منکی پاکس کی سرگرمی کا سامنا کرنے والے کسی سماجی حلقے میں کسی کے ساتھ جسمانی رابطے میں آئے ہوں، بشمول ایسے مرد جو ان مردوں کے ساتھ جنسی تعلق بناتے ہیں جو کسی ویب سائٹ، ڈیجیٹل ایپلیکیشن ("ایپ") کے ذریعے؛ یا کسی سماجی موقعے پر جیسے کسی بار یا پارٹی میں، ساتھیوں سے متعارف ہوتے ہیں۔

وفاقی حکومت کی جانب سے نیو یارک اسٹیٹ کے لیے مختص شدہ 8,822 خوراکوں میں سے 1,000 نساؤ کاؤنٹی میں تقسیم کی جائیں گی، 1,800 سفِک کاؤنٹی میں،2,600 ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں، 600 ایری کاؤنٹی میں، 600 مونرو کاؤنٹی میں، اور 300 سیراٹوگا کاؤنٹی میں تقسیم کی جائیں گی - تاہم سیراٹوگا کاؤنٹی کی 300 خوراکوں میں سے 100 خوراکیں NYSDOH کی جانب سے پہلے سے مخصوص کی گئی (فیز "A2") کی خوراکوں میں سے لی جائیں گی۔ البانی کاؤنٹی جس نے ابھی اپنے پہلے کیس کا اعلان کیا ہے کو 40 خوراکیں ملیں گی اور 2,000 خوراکیں نیو یارک سٹی کے لیے مختص کی جائیں گی۔

ویکسین کی تقسیم کے علاوہ، NYSDOH نے نیو یارک کے باشندوں تک منکی پاکس کی معلومات براہ راست پہنچانے کے لیے ایک تفصیلی آگاہی مہم کا آغاز کیا ہے۔ اس میں شامل ہیں ادائیگی شدہ ڈیجیٹل اشتہارات، ان مردوں تک پہنچنے کے لیے جو مردوں کے ساتھ جنسی تعلقات بناتے ہیں اور ایک مخصوص ویب سائٹ بنائے جانا جس پر منکی پاکس کے متعلق تازہ ترین معلومات ہوں۔ اس ویب سائٹ پر مفت، ڈاؤن لوڈ ہو جانے والا مواد موجود ہے بشمول ایک پام کارڈ، معلوماتی کارڈ، پرچے اور پوسٹر جو کہ انگریزی اور ہسپانوی دونوں میں دستیاب ہیں۔ ابھی پچھلے ہفتے ہی، گورنر Hochul اور NYSDOH نے نیو یارک کے باشندوں تک منکی پاکس کی معلومات پہنچانے کے لیے SMS ٹیکسٹ میسج کی ایک نئی کاوش کا افتتاح کیا جس میں مقام کی بنیاد پر میسجز، جن میں نیو یارک کے ان باشندوں کے علاقے میں ویکسین اور نگہداشت کی دستیابی بھی شامل ہو سکتی ہے، کے لیے اندراج کروانے کی صلاحیت شامل ہے۔

منکی پاکس، جو کہ لوگوں کے درمیان قریبی، جسمانی تعلق سے پھیلتا ہے، کسی کو بھی ہو سکتا ہے۔ موجودہ وباء پھیلنے کی بنیاد پر، کچھ مخصوص آبادیاں دوسروں سے زیادہ متاثر ہو رہی ہیں، جن میں مردوں کے ساتھ جنسی تعلق بنانے والے مرد شامل ہیں۔ دنیا بھر میں پھیلنے والی گزشتہ وباؤں کی معلومات نشاندہی کرتی ہیں کہ نیو یارک کے معمر باشندے، کمزور مدافعتی نظام والے افراد، جو افراد حمل سے ہیں اور 8 سال سے کم عمر کے بچے شدید نتائج کے زیادہ خطرے کی زد میں ہو سکتے ہیں۔

نیو یارک کے تمام باشندے اپنی حفاظت کر سکتے ہیں اور اپنی کمیونٹیز میں منکی پاکس کے پھیلاؤ کو روک سکتے ہیں:

- جنسی ساتھیوں سے پوچھیں کہ آیا ان کو کوئی خراش ہے یا منکی پاکس سے ملتی جلتی دیگر علامات کا سامنا ہے۔
- خراش یا منکی پاکس سے متعلقہ دیگر علامات کے حامل کسی فرد سے جسمانی رابطے میں آنے سے بچیں۔
- زد میں آنے یا علامات ظاہر ہونے کے بعد کسی نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں اور اپنی کاؤنٹی کے مقامی محکمہ صحت سے ویکسین کی دستیابی کے متعلق دریافت کریں۔
- نیو یارک کے جن باشندوں کو JYNNEOS ویکسین لگی ہے ان کو دونوں خوراکیں لگوانی چاہیے، جن کے درمیان چار ہفتے کا وقفہ دیا جائے؛ اور مکمل ویکسین یافتہ ہو جانے تک، یعنی دوسری خوراک کے بعد دو ہفتے، محتاط رہیں۔
- اگر آپ یا آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو شک ہو کہ آپ کو منکی پاکس ہے تو گھر پر علیحدگی اختیار کریں۔ اگر ممکن ہو تو، اپنے کنبے کے دیگر افراد اور پالتو جانوروں سے علیحدہ حصے میں رہیں۔
- صحت کی معلومات کے نامور ذرائع بشمول NYSDOH، CDC اور اپنی کاؤنٹی کے مقامی محکمہ صحت کی پیروی کریں۔

نیویارک کے مکین "MONKEYPOX" لکھ کر یا ہسپانوی میں تحریر کے لیے "MONKEYPOXESP" لکھ کر 81336 پر بھیج کر ٹیکسٹ مہم کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔ نیویارک کے مکین اگر چاہیں تو وہ مقام پر مبنی پیغام رسانی کا انتخاب کرنے کے لیے اپنا زپ کوڈ فراہم کر سکیں گے۔

منکی پاکس کے متعلق مزید معلومات، بشمول ہر کاؤنٹی کے حوالے سے کیسز کی تعداد، علاج اور نگہداشت کے لیے health.ny.gov/monkeypox ملاحظہ کریں۔

نیو یارک کے باشندے نیو یارک کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے ویکسین کی پہلی ایلوکیشن کے متعلق یہاں سے اور دوسری ایلوکیشن ("A2") کے متعلق یہاں سے جان سکتے ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں